سوال

(28) لوگ کہتے ہیں کہ بیعت کرنا سنت ہے کیا یہ صیح ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوگ کہتے ہیں کہ بیعت کرنا سنت ہے کیا یہ صیح ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی متقی متورع متدین عالم سے جو بیعت کرنے کو ذریعہ معاش نہ بنائے بیعت ہونا یعنی اس کے ہاتھ پر توبہ کرنا اور عمل صالح کی پابندی کا عہد کرنا جائز اور مباح ہے، کمایدل علیہ حدیث عبادۃ ئن الصامت المری فی الصحیحین فان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قدبایع الصحابة علی الامودالتی وکدت فی الحدیث الذی اشرنا الیہ بعدفتح مکة علی ماحققہ الحافظ فی شرح کتاب الایمان من صیح الامام اللبخاری وکمایدل علیہ حدیث عوف بن مالک الاشجعی قال کنا عندرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال الاتبایعون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ودہاثلث مرات فقدمنا ایدینا فبایعناہ فقلنا یارسول اللہ بایعناک فعلی م قال علی ان تعبدواللہ ولاتشرکوبہ شیئا والصلوات الخمس واسر کلمة خفیة ان لاتسئلواالناس شیئا (نسائی ص ۴۹) عبیداللہ رحمانی دہلی محدث دہلی جلد ۸ ص ۱۲

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 10 ص 52

محدث فتویٰ